سوال

سعی کی کیفیت، ابتداء اور چکروں کی تعداد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سعی کی کیا صورت ہے ؟ سعی کرنے والا کہاں سے آغاز کرے اور سعی کے چکروں کی تعداد کتنی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سعی کو صفا سے شروع کر کے مروہ پر ختم کیا جائے ۔ اس کے چکروں کی تعداد سات ہے ۔ پہلا چکر صفا سے شروع ہو گا اور آخری مروہ پر ختم ہو گا ۔ سعی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے ، تسبیحات پڑھی جائیں اور دعا کی جائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے ہوئے صفا اور مروہ پر قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھا کر تین تین بار ذکر، دعا اور تکبیر کہی جائے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی